# طالب علم کے حقوق و ذمہ داریوں سے متعلق فوری رہنمائی

## اگست 2023ء - مڈل اور ہائی اسکول

**فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز – چیف ایکویٹی آفس**

**ایکویٹی اینڈ اسٹوڈنٹ کنڈکٹ**

اسکول اکٹھے کام کرنے اور سیکھنے والے افراد کی کمیونٹی ہے ۔ FCPS کے اندر ، ہم تنوع کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور اعتراف کرتے ہیں کہ تمام لوگ کمیونٹی کی فلاح وبہبود میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں ۔ طالب علموں کے حقوق اور ذمہ داریوں کا کتابچہ (SR&R) اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ تمام طالبعلم اسکول کے ایک ایسے مثبت اور ہمہ گیر ماحول میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر کامیابی حاصل کرسکتے ہیں جو تحفظ ، اپنایئت و یگانگت اور عملے اور طلباء وطالبات کے مابین معاون تعلقات کو فروغ دیتا ہو ۔ طالبعلم اس وقت زیادہ مثبت رویے کا اظہار کرسکتے ہیں جب وہ محسوس کریں کہ عملے کے ارکان ان کا خیال رکھتے ہیں اور انہیں پڑھنے اور ترقی کرنے میں مدد کریں گے ۔ اسکول کی کمیونٹی کے مرکزی رکن کے طور پر آپ کے حقوق ، مراعات اور ذمہ داریاں ہیں ۔ یہ تمام امور اہل خانہ کی رہنمائی برائے طلباء کے حقوق اور ذمہ داریوں (SR&R) کے ضمیمہ D یا www.fcps.edu/SRR کے اندر تفصیل سے بیان کیئے گئے ہیں اور آپ کے فوری حوالے کے لیئے، اس رہنما کتابچہ میں اجاگر کیئے گئے ہیں۔ SR&R کے حوالہ جات نمبرز بشمول درج ذیل کے، ضمیمہ D کے صفحات میں موجود ہیں ۔

**حقوق**

- ✓ ایسے اسکول اور کلاس روم کے ماحول کا حق جہاں آپ کی شناخت کی توثیق کی گئی ہو اور جو ہمدرد ، خیال رکھنے والا اور شمولیت والا ہو ۔
- ✓ ریسٹ رومز اور لاکر رومز کی سہولیات اور دیگر غیر- بدنام سہولیات تک رسائی کا حق حاصل ہے، جو آپ کی اپنی صنفی شناخت ، عقیدے اور کسی اور بنیاد کے مطابق ہیں ، جیسا کہ ریگولیشن 2603 میں شناخت کیا گیا ہے ۔
- ✓ کوئی بھی طالبعلم ، جسے زیادہ پرائیویسی کی ضرورت ہو ، چاہے وجہ کوئی بھی ہو ، اسے معقول حد تک غیربدنام سہولیات فراہم کی جائیں گی ۔
- ✓ صنفی شناخت اور/ یا جنسی رجحان کو ظاہر نہ کرنے کا حق ۔
- ✓ انتخاب کردہ نام اور اسم ضمیر سے پکارے جانے کا حق ۔
- ✓ اسکول کی اندرونی طور پر تیار کردہ یا کوئی اور فہرستوں کا حق ، مثلاً honor آنر رول ، گریجویشن پروگرام ، سالانہ کتابیں ، اور اسکول کے اخبارات ، جوآپ کو آپ کے منتخب کردہ ناموں اور جنس سے شناخت کرتے ہیں ۔
- ✓ اسکول اور اسکول ڈویژن کی تمام سہولیات اور سرگرمیوں تک محفوظ اور منصفانہ رسائی کو یقینی بنانے کے لیئے، معاونت حاصل کرنے کا حق ۔
- ✓ اس بات کا حق کہ آپ کی ذاتی شناخت کی معلومات یا شہریت یا ترک وطن کی حیثیت کو غیر مجاز شیئرنگ سے محفوظ رکھا جائے ۔
- ✓ تعلیمی ماحول ، درسی مواد اور غیر نصابی سرگرمیوں تک منصفانہ رسائی کا حق ۔

**مراعات**

اسکول میں بعض چیزیں مراعات ہیں، کچھ مخصوص پابندیوں کے ساتھ اور اگر آپ ان کا مناسب استعمال نہیں کرتے تو یہ معطل یا منقطع ہو سکتی ہیں ۔

- ✓ FCPS نیٹ ورک، کمپیوٹرز، اور ذاتی ملکیت کے آلات۔ FCPS کا نیٹ ورک استعمال کرنے کے دوران ، کوئی ایسا کام نہ کیجیئے جس سے دوسروں کے نیٹ ورک کے استعمال کرنے میں خلل پیدا ہو ، اور احترام اور بااخلاق رویے کا مظاہرہ کیجیئے ۔ آپ کو ٹیچر کی ہدایات پر عمل کرنا ہو گا کہ کب اور کیسے ڈیوائسیز استعمال کرنی ہیں ۔ آپ بسوں میں ہیڈ فون کے ذریعے موسیقی سن سکتے ہیں، گیمز کھیل سکتے ہیں یا ٹیکسٹ کر سکتے ہیں، لیکن فون پر بات نہیں کر سکتے۔
- ✓ اسکول کی بس میں سفر۔ ڈرائیور کی بات سنیئے، اپنی نشستوں پر بیٹھے رہیے، اپنے ہاتھوں کو اپنے قابو میں اور بس کے اندر رکھیے، اپنی آواز نیچی رکھیے اور سیٹوں کے درمیان چلنے والی جگہ میں رکاوٹ نہ ڈالیے۔
- ✓ اسکول کی املاک پر پارکنگ ۔ پارکنگ کے قواعد کا لازمی خیال رکھیئے ۔ اس بات سے آگاہ رہیے کہ آپ کی گاڑی کی تلاشی لی جا سکتی ہے اگر یہ یقین کرنے کی معقول وجہ موجود ہے کہ آپ کے پاس کوئی ایسی چیز ہے جس سے اسکول ضابطوں کی خلاف ورزی ہوتی ہے یا غیر قانونی یا خطرناک ہے ۔
- ✓ کھیلوں اور سرگرمیوں میں شرکت ۔ کھیلوں میں شرکت بشمول مدت جس دوران آپ کو اسکول میں رجسٹر کرنا چاہیئے اور آپ سے متوقع رویے کے بارے میں ورجینیا ہائی اسکول لیگ کے قواعد و ضوابط ہیں ۔ مزید برآں ، FCPS طلباء سے اس بات کا تقاضہ کرتے ہیں کہ غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت کیلئے وہ بہتر طور پر تیار ہوں ۔ معطل ہونے کی صورت میں آپ شرکت نہیں کر سکتے اور اگر آپ نے منشیات یا شراب کے ضابطوں کی خلاف ورزی کی ہے تو آپ طویل مدت کیلئے شرکت کا حق کھو سکتے ہیں ۔

**ذمہ داریاں**

- ماسوائے بیماری یا دیگر ہنگامی حالات کے اسکول وقت پر آیئے ، ذاتی نوعیت یا آن لائن دونوں صورتوں میں، اپنی تمام کلاسوں میں حاضر ہوں ۔
- دوسرے طلباء کے ساتھ پر سکون اور پرامن طریقے سے تنازعات کا حل نکالیے۔
- والدین سے کہیئے کہ وہ تمام ادویات کو اسکول کے ہیلتھ روم میں لے کر آئیں جو آپ کو لینے کی ضرورت ہے ۔
- شراب ، منشیات یا تمباکو کی مصنوعات، یا ان کی مصنوعی طور پر تیار کردہ یا جعلی متبادل اسکول میں ، اسکول کی بس پر، بس اسٹاپ پر یا اسکول کے زیر اہتمام ٹرپ یا سرگرمیوں میں نہ لے کر آیئے، نہ استعمال کیجیئے ، نہ دوسروں کو دیجیئے اور نہ ہی فروخت کیجیئے ۔
- کسی بھی قسم کی بندوق یا دھماکہ خیز آلہ ، بارود ، کوئی بھی دھماکہ خیز آلہ یا پھلجڑیاں، یا کسی بھی قسم کا اسلحہ اسکول نہ لائیے۔
- تمام طلباء اور اسکول کے عملے کے حقوق اور سامان کا احترام کیجیئے ۔
- اگر آپ کوئی ایسا طرز عمل دیکھیں جو دوسرے کیلئے خطرناک ہو تو اس کے بارے میں فوری طور پر کسی ٹیچر یا اسکول کے عملے کو مطلع کیجیئے ۔
- دیانتداری اور ایمانداری کا مظاہرہ کیجیئے ۔ صرف اپنے کام کا سہرا اپنے سر باندھیئے ۔
- کلاس روم اور اسکول کے قواعد پر عمل کیجیئے اور تعلیمی دن کے دوران ، بالغ افراد کی ہدایات پر عمل کیجیئے ۔
- کسی بالغ فرد کے بلانے پر رُکیے اور اس کی بات سنیے/ جواب دیجیئے اور غور سے توجہ دیجیئے ۔
- اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو اس کی اصلاح کی کوشش کیجیئے ۔ کسی دوسرے کی املاک کو توڑنے کی صورت میں آپ اس کی قیمت ادا کیجیئے یا اسے تبدیل کیجیئے ۔ جس فرد کو آپ نے نقصان یا ضرر پہنچایا ہے، اس سے پوچھیے کہ آپ کیسے ازالہ کر سکتے ہیں ۔

**غنڈہ گردی ، خوف و ہراساں ، نووارد طلباء کی درگت ، اور دوسروں سے بدسلوکی**

ہر ایک کا حق ہے کہ اس سے احسن برتاؤ کیا جائے۔ جان بوجھ کر تذلیل اور دھمکی آمیز سلوک — چاہے یہ زبانی ، جسمانی ، تحریری یا الیکٹرانک آلات سے کیا جائے، فرد اور کمیونٹی کو نقصان پہنچا سکتا ہے ۔ اگر آپ مذکورہ طرز عمل کا شکار ہیں تو رپورٹ کیجیئے ۔ اگر آپ کسی ایسے طرز عمل کےگواہ ہیں ، تو متاثرہ فرد کو، مدد کی پیشکش کیجیئے اور کسی بالغ فرد سے مدد طلب کیجیئے ۔ ایسا طرز عمل ناقابل قبول ہے، چاہے اس کی بنیاد نسل ، رنگ ، مذہب ، بنیادی قومیت ، جنس ، معذوری ، ذاتی یا جسمانی اوصاف ،جنسی میلان ، جنسی پہچان یا اس کا اظہار ہو۔ نو وارد طلباء کی درگت بنانا ، یا کسی کو جسمانی گزند پہنچانا ، یا کلب یا کسی دوسری تنظیم کی رکنیت یا داخل ہونے کی شرط کے طور پر لاپرواہی سے کسی کو خطرے میں ڈالنا ، فوجداری مقدمات پر منتج ہو سکتے ہیں ۔

## اسکول کی محفوظ کمیونٹیوں کی اعانت

تمام طالبعلموں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ صحت مند اور محفوظ اسکول کمیونٹیز کی تشکیل اور فروغ میں اپنا کردار ادا کریں گے ۔ اگر آپ ضرر رساں یا غیر محفوظ طرزعمل کا مشاہدہ کرتے ہیں ، تو آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ جتنا جلد ہوسکے عملے سے یا کسی قابل بھروسہ بالغ فرد سے رابطہ کرکے اپنی تشویش سے آگاہ کریں گے ۔ آپ کو ایسے طرزعمل میں شریک نہیں ہونا چاہیئے جو ضرر رساں یا غیرمحفوظ صورت حال کو مزید خراب کر دے ۔ اس قسم کے رویوں کی مثالوں میں غنڈہ گردی کے طرزعمل پر اُکسانا اور جھگڑے کی وڈیو بنانا شامل ہیں ۔

## خدشات پر آواز اٹھانے کا حق

اگر آپ یا آپ کے والدین/ سرپرست ، کے خیال میں اسکول انتظامیہ کی طرف سے کیئے گئے یا نہ کیئے گئے اقدامات ان کے بہترین مفاد میں نہیں ہیں ، وہ اپنی شکایات تحریری (ترجیحی طریقہ) یا زبانی طورپر، اساتذہ ، کونسلرز یا اسکول کے منتظمین کے سامنے پیش کر سکتے ہیں مذکورہ افراد کی شکایات سننے کے لیئے حاضر ہوں گے یا اس کے لیئے، باقاعدہ وقت طے کریں گے۔

اگر آپ شکایت کا یہ حق رکھنے کے حوالے سے کوئی سوال یا تشویش کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو محتسب کے دفتر سے ombudsman@fcps.edu پر رابطہ کیجیئے ۔ اگر آپ جنسی ہراسانی کی رپورٹ کا حق رکھنےکے حوالے سے کوئی سوال یا تشویش کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو Title IX کےکوآرڈینیٹر سے **titleixcoordinator@fcps.edu** رابطہ کیجیئے ۔

## امتیازی سلوک اور خوف وہراساں کرنے کی رپورٹ کرنیکا طریقہ کار

ایک Discrimination & Harassment Reporting Tool وضع کیا گیا ہے تاکہ طالبعلموں اور ان کے گھر والے ایسے واقعات رپورٹ کرسکیں جن میں وہ محسوس کرتے ہیں کہ انہیں تعصب اور/ یا امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑا ۔ یہ آلہ Let's Talk Platform پر موجود ہے اور اس تک بذریعہ (a) طالبعلم کے ڈیسک ٹاپ سے درخواست جمع کراکے ؛ (b) ایف سی پی ایس ویب سائٹ پر لنک ؛ (c) کیوآرکوڈ ، جو ڈویژن بھر میں اسکولوں اور دفاتر میں پوسٹرز پر نمایاں کیا گیا ہے ، رسائی حاصل کی جاسکتی ہے ۔

## اسکول میں حاضری

اسکول میں حاضری ، آپ کی کامیابی کے لیئے انتہائی اہم ہے۔ اگر آپ سال بھر میں اسکول سے 18 یا اس سے زیادہ تعلیمی دن ، بشمول بیماری یا خاندان میں ہنگامی صورتحال ، معطلیاں اور بلاعذر غیرحاضریاں ، غیر حاضر ہوتے ہیں تو آپ عادی غیرحاضر تصور ہوں گے ۔

- ایلیمنٹری اسکول میں باقاعدہ حاضری سے اس بات کا امکان بڑھ جاتا ہے کہ بچہ گریڈ لیول کےمطابق پڑھے گا ۔
- وہ بچے جو سال میں 90 فیصد یا اس سے زیادہ اسکول جاتے ہیں اس بات کا زیادہ امکان ہے کہ وہ وقت پر ہائی اسکول سے گریجویٹ ہوں ۔
- غیرحاضریاں اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ طالب علم کی اسکول میں دلچسپی کم ہورہی ہے ، اسکول ورک میں مشکل پیش آرہی ہے ، اپنے ساتھیوں کی طرف سے تنازعات کا یا اسے کسی اور طرح کی ممکنہ سنگین مشکل کا سامنا ہے ۔
- ورجینیا کے محکمہ تعلیم کے اسکول کی منظوری کے معیارات میں غیرحاضریوں کی دیرینہ عادت اسکول کے معیار کے اشاریوں میں سے ایک ہے ۔

آپ کے والدین/ سرپرست کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اگر وہ آپ کے باقاعدہ اسکول نہ جانے کی وجہ سے پریشان ہیں تو آپ کے اسکول سے رابطہ کریں ۔

**لباس کے قواعد**

آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ FCPS کے ڈریس کوڈ کے مطابق لباس زیب تن کریں جو ریگولیشن 2613.12 میں بیان کیا گیا ہے ۔ یہ بھی امید کی جاتی ہے کہ آپ کا لباس کا چناؤ تعلیمی ماحول میں خلل کا باعث نہیں بنے گا ۔

لباس اور لوازمات

A. طلبا وطالبات لازمی (مطلوبہ لباس) زیب تن کریں:

1. قمیص ؛
2. ایک بوٹم ، پتلون ، سویٹ پینٹس، شارٹس ، اسکرٹ ، لباس یا چرمی موزے ؛
3. جوتے ؛ اور
4. مخصوص کورسز یا سرگرمیوں کیلئے درکار مناسب لباس ، جیسا کہ اسپورٹس یونیفارم یا حفاظتی لباس ۔

* ایک حصے پر مشتمل لباس (مثلاً رومپر ، ڈریس ) ، قطع نظر صنفی شناخت کے ، جو وہی مقصد پورا کرتا ہو جو شرٹ اور بوٹم اور جوتوں سے پورا ہوتا ہے ۔

B. ممنوعہ لباس اور لوازمات ، FCPS کے ڈریس کوڈ کے برخلاف ، ہیں ، قطع نظر طالبعلم کی عمر یا جنس:

1. غیرقانونی ، جارحانہ یا مخرب الاخلاق رویے کو ظاہر کرتے ہوں یا فروغ دیتے ہوں؛
2. اسلحہ ، شراب، تمباکو، منشیات ، منشیات کے سازوسامان یا دیگر منضبط مواد (طالبعلم کی عمر سے قطع نظر) کے غیرقانونی تصرف یا استعمال کو ظاہر کرتے ہوں یا فروغ دیتے ہوں ؛
3. شرمگاہ ، چھاتیاں ، یا کولہوں کو بے پردہ کرتے ہوں ۔
4. انڈرویئر یا زیرجامہ ملبوسات کو بے پردہ کرتے ہوں ، چاہے شفافیت ، لمبائی یا پوری طرح نہ ڈھانپنے کی وجہ سے ہوں ۔ دیگر اجازت یافتہ ملبوسات کے نیچے زیب تن بریزیئر اور زیرجامہ ملبوسات میں بریلیٹ اسٹریپس ، جیسا کہ اِس ریگولیشن میں بیان کیا گیا ہے ، خلاف ورزی نہیں ہیں ۔
5. ہیلمٹس یا ہیڈ گیئر ہیں جو چہرے کو غیرواضح کرتے ہوں جیسا کہ اسکائی ماسکس یا balaclava ماسکس [ ماسوائے مذہبی پابندی، طبی ضرورت یا بصورت دیگر طالبعلم کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یا سیکشن 504 پلان میں شامل ہو] ؛
6. بشمول زبان ، حقارت آمیز ، علامات (مثلاً سواستیکاس ، KKK حوالہ جات ، گینگ کی علامتیں) ، آئیکونز یا تصاویر ، جو واضح طور پر دوسروں کے حقوق پر خلل انداز ہوں یا حملہ آور ہوں اور نفرت انگیز گفتگو کی حد تک ہوں ، انتہائی توہین آمیز ہیں یا دوسروں کیلئے خطرناک ہیں یا اسکول کے تناظر میں مہذب شائستہ بات چیت یا سیاسی اظہار کیلئے ضروری اور مناسب اقدار پیدا کرنے کے اسکول بورڈ کے مشن میں رکاوٹ ڈالے یا دھیان ہٹا دے ۔
7. لوازمات جو صحت یا سلامتی کیلئے ضرر رساں ہوں یا عمارت یا ایکوئپمنٹ کیلئے نقصان دہ ہوں ۔ (جیسا کہ نوکیلی بیلٹ)
8. اسکول کی عمارت کے اندر دھوپ کے چشمے ، ماسوائے اگر طبی ضرورت لاحق ہو ۔

ڈریس کوڈ کا نفاذ اور متعلقہ فریقین کی ذمہ داریاں

**A.** اسکول میں متعین عملہ ڈریس کوڈ کی توقعات کا جائزہ لے گا اور سال میں کم از کم دوبار طالبعلموں کی ویڈیو بنائے گا (ایک سال کے شروع میں لازمی طور پر) اور حسب ضرورت سال بھر کے دوران میں یاددہانی کراتا رہے گا ۔

**B.** عملہ ( مثلاً اساتذہ ، منتظمین ، معذوروں کے ماہرین وغیرہ ) اسکول کے اوقات میں ، اسکول کے بعد کی سرگرمیوں میں اور اسکول کی مالی اعانت سے چلنے والی سرگرمیوں کے دوران میں ڈویژن کے ڈریس کوڈ کے بارے میں آگاہ کرنے اور منصفانہ طور پر نفاذ کرنے کا ذمہ دار ہوگا ۔ اس ڈریس کوڈ کے موثر اور منصفانہ نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے ، عملہ مسلسل اور غیرجانبدارانہ طور پر درج ذیل شرائط کے مطابق لاگو کرے گا ۔

**C.** لباس کے قواعد کی خلاف ورزی کے حوالے سے کی جانے والی گفتگو اکیلے میں کی جانی چاہیئے اور طالب علم کی عزت کا خیال رکھنا چاہیئے ۔

ممکن ہے کہ ڈریس کوڈ سے متعلق آپ کے اسکول کے کچھ اضافی ضابطے ہوں ۔ (ضمیمہD، صفحہ 16-15)

**محفوظ اور منشیات سے پاک اسکول**

ایک صحت مندانہ تعلیمی ماحول شراب ، تمباکو ، منشیات ، دم کش ، اور مصنوعی یا اس سے ملتی جلتی کیمیاوی منشیات سے پاک ہوتا ہے ۔ ان اشیاء کو اسکول میں، بس پر یا اسکول کے زیر اہتمام کسی بھی سرگرمی میں تقسیم کرنے، فروخت کرنے یا پاس رکھنے کی ممانعت ہے۔

مشتعل یا عاجز ہو جانے والے طالبعلموں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ پرامن طریقے سے تنازعات حل کریں ۔ اساتذہ ، کونسلرز ، اور اسکول کا دیگر عملہ آپ کو اختلافات سلجھانے کے مہذب ، تشدد سے پاک طریقوں کے ذریعے مدد کر سکتا ہے ۔ نقصان پہنچنے کی صورت میں، اسکول انضباطی واقعات حل کرنے کے لیئے، بحالی کے انصاف کا استعمال بھی کر سکتے ہیں ۔

ہتھیار اور ایسی اشیاء جو اسلحے کے طور پر استعمال ہو سکتی ہیں ، جس میں ریزر بلیڈ ، چاقو ، سوئچ بلیڈز ، خنجر ، بندوق ، کسی بھی طرح کا دھماکہ خیز مواد ، ننچکو وغیرہ کی اسکول کے ماحول میں کسی صورت بھی اجازت نہیں ہے ۔ اسکول کی املاک پر ان اشیاء کو پاس رکھنے پر سنگین نتائج نکلیں گے ۔ اگر آپ کو لگے کہ آپ نادانستہ طور پر اسکول میں ان اشیاء میں سے کوئی چیز لے آئے ہیں تو اسے فوری طور پر دفتر لے آیئے ۔

**تلاشی اور ضبطی**

عمومی ، باقاعدہ یا اچانک معائنے کے طور پر طالب علموں کی ملکیت والی اشیاء اور ڈیسکس، لاکرز اور اسٹور کرنے والی جگہوں کی تلاشی لی جا سکتی ہے ۔ اگر قواعد کی خلاف ورزی کے شواہد یا کسی غیر قانونی سرگرمی کے شبہ کی بنیاد پر طلباء کے بیگ پیک ، کوٹ، الیکٹرانکس اور اسکول کے احاطے میں پارک گاڑیوں میں غیر قانونی اشیاء جیسے کہ منشیات، اسلحہ، چوری کی گئی اشیاء موجود ہونے کا اندیشہ ہو تو ان کی تلاشی لی جا سکتی ہے ۔

## انضباطی کارروائیاں

یاد رکھیں کہ اسکول کے پرنسپل کسی بھی ایسی صورت میں، جس کا تعلق R2601 میں بیان کردہ ممنوعہ طرز عمل سے ہو، طالب علم کو مختصر مدت کے لیئے ، معطل کر سکتے ہیں ، طویل عرصے کے لیئے ، معطل کرنے کی سفارش کر سکتے ہیں اور/ یا ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو ریفرل بھیج سکتے ہیں ۔

### اسکول کی سطح پر نتائج[1]

- ایسا طرزعمل جو تعلیمی ماحول پر منفی اثرات ڈالے یا اسکول کے انتظامات کے اندر، مداخلت کا باعث بنے
- نفرت انگیز گفتگو
- آتش بازی: استعمال یا تصرف
- جعلسازی ،دھوکہ دہی ، ادبی سرقہ ، بددیانتی ۔
- جوا کھیلنا
- لیزر کے آلات
- مواصلات کے سفری آلات کا غلط استعمال
- حاضری کی خلاف ورزی
- بغیر نسخہ جاتی ادویات کا استعمال یا تصرف
- اسکول کی املاک پر غیر مجاز موجودگی
- تمباکو کی خلاف ورزیاں
- شراب ، دم کش ، بغیر الکوحل والی بیئر کا استعمال ، تصرف یا زیر اثر ہونا
- بھنگ چرس یا دیگر منضبط مواد کے زیر اثر
- منشیات کے مال اسباب کا تصرف

### ان کے نتیجے میں ریفرل ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو بھجوایا جا سکتا ہے

- نسل ، معذوری ، وغیرہ کی بنیاد پر کی جانے والی ہراسانی (مکمل فہرست کے لیئے، ضمیمہ D، صفحہ نمبر 24 ملاحظہ کیجیئے ۔)
- نفرت انگیز گفتگو
- اسکول کی املاک کی توڑ پھوڑ ؛ بم کی دھمکی
- نو وارد کی درگت
- غلط استعمال کیلئے، بغیر نسخہ جاتی ادویات کی تقسیم
- بھنگ ، مشابہہ بھنگ ، کیمیاوی بھنگ ، یا منضبط مواد یا مشابہہ منضبط مواد کا تصرف یا استعمال
- دوسروں کی سلامتی کو خطرے میں ڈالنا ، غنڈہ گردی
- دوسرے طالبعلم کو دھمکی یا اس پر حملہ
- فحش مواد نمائش یا تصرف ؛ نازیبا نمائش ۔
- ہجوم کی صورت میں دھاوا
- زخمی کیئے بغیر اسکول کے کسی رکن پر حملہ یا دھمکی
- گینگ یا جتھے بازی سے متعلق سرگرمیاں
- نازیبا انداز میں چھونا
- ٹیکنالوجی انفارمیشن میں غیر قانونی یا غیر مجاز خلل اندازی یا استعمال
- غلط استعمال کے مقصد کیلئے، بغیر نسخہ جاتی ادویات کی تقسیم

### ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کو لازمی ریفرل بھیجنے کا سبب بننے والے امور

- اسکول کے عملے کے کسی فرد پر جسمانی حملہ کرنا یا انہیں زخمی کرنا
- شیڈول I اور II میں شامل منشیات کا استعمال یا پاس رکھنا (چرس کے سوا جیسا کہ اوپر تفصیل دی گئی ہے )
- بھنگ ، مشابہہ بھنگ ، کیمیاوی بھنگ ، یا منضبط مواد یا مشابہہ منضبط مواد کی تقسیم
- قانونی ہتھیار، تین انچ سے زیادہ لمبائی والا چاقو ، سوئچ بلیڈ ، یا خنجر ، یا کوئی بھی چیز جسے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جائے
- کسی ایسی چیز کا استعمال کرتے ہوئے اسکول کے عملے یا طالبعلموں کو دھمکانے ، ڈرانے یا زخمی کرنے کی کوشش کرنا ، جو ہتھیار میں شمار نہیں ہوتا ۔
- جنسی مجرمانہ حملہ اور یا جنسی ہراسانی ، بدنیتی پر زخمی کرنا ، ڈاکہ

[1] اسکول میں ان خلاف ورزیوں کے نتائج مخصوص ہو سکتے ہیں ، اگر اصولوں کی غیرمعمولی خلاف ورزی کی گئی ہو ، دوسروں کو خطرے سے دوچار کیا گیا ہو یا پہلے کی گئی خلاف ورزی کا پھر ارتکاب کیا گیا ہو ، پرنسپل اس معاملے کو ڈویژن سپرنٹنڈنٹ کے پاس بھجوا سکتے ہیں ۔

(Arabic) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Chinese) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Farsi) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Korean) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Spanish) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.

(Urdu) براہ مہربانی طالبعلموں کے حقوق اور ذمہ داریوں کا www.fcps.edu/srr پر جائزہ لیجیئے اور اس فارم پر دستخط کرکے اپنے بچے کے اسکول 29 ستمبر 2023ء تک پہنچا دیجیئے ۔ آپ کسی بھی وقت اپنے بچہ کے اسکول کے استقبالیہ دفتر سے SR&R کی ایک مطبوعہ نقل کی درخواست کرسکتے ہیں ۔

(Vietnamese) Please review the Student Right and Responsibilities at www.fcps.edu/srr, and sign and return this form to your child's school by September 29, 2023. You may request a printed copy of the SR&R from the front office of your child's school at any time.